مرتّبہ
سید کلیم اللہ قادری
ایچ۔ سی۔ ایس

قیمت: چالیس نئے پیسے

سلسلہ نشان (۴) مطبوعات قرآن ہاؤس سوسائٹی حیدرآباد دکن

حصہ اوّل

بچّوں کو زبانی یاد کرانے اور سمجھانے کے لئے

مرتبہ
سیّد کلیم اللہ قادری
ایچ۔سی۔ایس

ملنے کا پتہ
(۱) دار المطالعہ قرآن ہاؤس سوسائٹی۔ مدرسہ دینیات۔ عابد روڈ حیدرآباد دکن
(۲) مکتبۂ نشاۃ ثانیہ معظم جاہی مارکٹ۔ حیدرآباد دکن

# تعارف

انتخاب کا مقصد یہ ہے کہ آسان کلمے بچوں کی
زبانوں پر چڑھ جائیں۔ نیز ماں باپ اور استاد
کلموں کا مطلب انھیں سمجھائیں۔ اور اس طرح
ان کی دینی تعلیم کی بنیاد قائم ہو۔ فقط


سید کلیم [illegible] قادری

اورنگ آباد دکن


ماہ ذی حجہ ۱۳۷۹ ہجری
June 1960

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# سبق (۱)

۱۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ — نہیں کوئی معبود مگر اللہ

(محمد ع۲) 47:19

۲۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ — اللہ پاک ہے

(یوسف ع۱۲) 12:108

۳۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ — (ساری) تعریف اللہ کے لئے ہے

(الفاتحہ)

۴۔ مَاشَآءَ اللّٰہُ — جو چاہا اللہ نے

لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ — نہیں قوت مگر ساتھ اللہ کے

(الکہف ع۵) 18:39

دعا۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا — اے میرے رب بڑھا مجھ کو علم میں

(طٰہٰ ع۶) 20:114

ورد ۔ امر

# سبق (۲)

## رَبِّیَ اللّٰہُ

۱۔ رَبِّیَ اللّٰہُ (المؤمن ع۴) 40:28 میرا رب اللہ ہے

۲۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ (التوبۃ ع۱۶) 9:129 بس ہے مجھ کو اللہ

۳۔ اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ (الحدید ع۱) 57:7 ایمان لاؤ اللہ پر

۴۔ اَطِیْعُوا اللّٰہَ (اٰل عمران ع۴) 3:32 اطاعت کرو اللہ کی

۵۔ وَاتَّقُوا اللّٰہَ (النساء ع۱) 4:1 اور ڈرتے رہو اللہ سے

۶۔ وَجَاهِدُوْا فِی اللّٰہِ (الحج ع۱۰) 22:78 اور محنت کرو اللہ کے واسطے

۷۔ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰہِ (اٰل عمران ع۱۷) 3:159 پھر بھروسہ کرو اللہ پر

۸۔ اَنَّ اللّٰہَ مَوْلٰکُمْ ط کہ اللہ تمہارا دوست ہے

نِعْمَ الْمَوْلٰی بہترین دوست

وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ○ 8:40 اور بہترین مددگار

(الانفال ع۵)

# سبق (۳)

## اِنَّا لِلّٰهِ

| | |
|---|---|
| ۱۔ قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ | تو کہہ کہ میری نماز |
| وَنُسُکِیْ | اور میری قربانی |
| وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ | اور میرا جینا اور میرا مرنا |
| لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (الانعام ع ۲۰) | اللہ ہی کے لئے جو رب ہے سارے جہان کا |
| ۲۔ اِنَّا لِلّٰهِ | بے شک ہم اللہ ہی کے لئے ہیں |
| وَاِنَّآ اِلَیْهِ | اور بے شک ہم اسی کی طرف |
| رٰجِعُوْنَ ۝ (البقرۃ ع ۱۹) | واپس ہونے والے ہیں۔ |
| دُعا:۔ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ | اے میرے رب کھول دے میرے لئے |
| صَدْرِیْ ۝ | میرا سینہ |
| وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ ۝ (طٰہٰ ع ۲) | اور آسان بنا میرے لئے میرا کام |

# سبق (۴)

## اَلْمُسْلِمِيْنَ

۱۔ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ — اسی نے نام رکھا ہے تمہارا مسلمان
(الحج ع ۱۰) 22:78

۲۔ وَاِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ — اور بیشک میں مسلمانوں (یعنی حکم برداروں) سے ہوں
(الاحقاف ع۲) 46:15

۳۔ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ — میں حکم بردار ہوں سارے جہانوں کے رب کا
(البقرة ع۱۶) 2:131

۴۔ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ط — اللہ پروردگار ہمارا اور پروردگار تمہارا۔

لَنَآ اَعْمَالُنَا — ہمارے لئے ہمارے عمل

وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ط — اور تمہارے لئے تمہارے عمل
(الشوری ع۲) 42:15

۵۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ — تمہارے لئے تمہارا دین

وَلِيَ دِيْنِ ع — اور میرے لئے میرا دین
(الکافرون ع۱)

۶۔ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف — زبردستی نہیں دین کے معاملہ میں
(البقرة ع ۳۴)

# سبق (۵)

## اَللّٰہُ

| | |
|---|---|
| ۱۔ اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ | اللہ وہی ہے جس نے تم کو بنایا |
| ثُمَّ رَزَقَکُمْ | پھر تم کو روزی دی |
| ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ | پھر تم کو مارتا ہے |
| ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ (الروم ع۵) | پھر تم کو جلائے گا |
| ۲۔ وَاَنَّہٗ ھُوَ اَضْحَکَ وَاَبْکٰی ۙ | اور یہ کہ وہی ہے ہنساتا اور رُلاتا |
| وَاَنَّہٗ ھُوَ اَمَاتَ وَاَحْیَا ۙ | اور یہ کہ وہی ہے مارتا اور جِلاتا |
| وَاَنَّہٗ ھُوَ اَغْنٰی وَاَقْنٰی ۙ (النجم ع) | اور یہ کہ اس نے دولت دی اور پونجی |

# سبق (٦)

## اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ

| | |
|---|---|
| ١- اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ | جس نے مجھ کو بنایا |
| فَھُوَ یَھْدِیْنِ ۙ | سو وہی مجھ کو راہ دکھاتا ہے |
| وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ | اور وہ جو مجھ کو کھلاتا ہے |
| وَیَسْقِیْنِ ۙ | اور پلاتا ہے |
| وَاِذَا مَرِضْتُ | اور جب میں بیمار ہوتا ہوں |
| فَھُوَ یَشْفِیْنِ ۙ | تو وہی شفا دیتا ہے |
| وَالَّذِیْ یُمِیْتُنِیْ | اور وہ مجھ کو مارے گا |
| ثُمَّ یُحْیِیْنِ ۙ (الشعراء ع) | پھر جلائے گا |
| ٢- اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ (الفاتحہ) | سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو رب ہے سارے جہان کا |

# سبق (۷)

## خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

| | |
|---|---|
| ۱۔ هُوَ الَّذِیْ | وہی ہے جس نے |
| خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (الحدید ع۱) | بنائے آسمان اور زمین |
| ۲۔ وَهُوَ مَعَكُمْ | اور وہ تمہارے ساتھ ہے |
| اَیْنَ مَا كُنْتُمْ ط | جہاں کہیں تم ہو |
| وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ○ (الحدید ع۱) | اور جو تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے |
| ۳۔ وَهُوَ عَلِیْمٌۢ | اور وہ جانتا ہے |
| بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ | سینے والی بات کو |
| ۴۔ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ | اور وہ سب چیز |
| قَدِیْرٌ ○ (الحدید ع۱) | کر سکتا ہے |

# سبق (٨)

## اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ

| آیت | ترجمہ |
|---|---|
| ١۔ اَللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ○ (المؤمنون ع١) | اللہ سب سے اچھا پیدا کرنے والا ہے |
| ٢۔ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ع (الجمعۃ ع٢) | اور اللہ بہتر روزی دینے والا ہے |
| ٣۔ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○ (الاعراف ع١١) | اور وہ سب سے بہتر حکم کرنے والا ہے |
| ٤۔ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○ (یٰسٓ ع٥) | اور وہی ہے اصل بنانے والا سب کچھ جاننے والا |
| ٥۔ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○ (الشوریٰ ع١) | اور سننے والا دیکھنے والا |
| ٦۔ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ (ابراہیم ع١) | اور وہ ہے زبردست حکمتوں والا |
| ٧۔ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج | جانتا ہے جو چھپا ہے اور جو ظاہر ہے |
| هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ (الحشر ع٣) | وہ ہے بڑا مہربان رحم والا۔ |
| ٨۔ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ (یوسف ع) | بے شک میرا رب ہے بخشنے والا مہربان |
| ٩۔ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ (یوسف ع) | اور وہی سب مہربانوں سے مہربان |

# سبق (۹)

## وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ

۱۔ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (ال عمران ع ۷)
اور اللہ دوست ہے ایمان والوں کا

۲۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ (ال عمران ع ۱۷)
بے شک اللہ توکل کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

۳۔ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝ (ال عمران ع ۸)
تو بے شک اللہ کو محبت ہے پرہیزگاروں سے

۴۔ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (ال عمران ع ۱۴)
اور اللہ دوست رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو

۵۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝ (البقرۃ ع ۹)
بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

۶۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ
بس ہے ہمارے لئے اللہ

وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ (ال عمران ع ۱۸)
اور وہی بہترین کارساز ہے

# سبق (۱۰)

## حضرت مُحَمَّدٌ (صلی اللہ علیہ وسلم) (۱)

| | |
|---|---|
| ۱۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط (الفتح ع۴) | محمدؐ اللہ کے پیغمبر ہیں۔ |
| ۲۔ اَلنَّبِیَّ الْاُمِّیَّ (الاعراف ع۲۰) | نبیِّ اُمّی |
| ۳۔ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ ط (الاحزاب ع۵) | اور ختم کرنے والے تمام نبیوں کے |
| ۴۔ بِالْمُؤْمِنِیْنَ | مومنوں کے لئے |
| رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ○ (التوبہ ع) | شفقت رکھنے والے رحمت والے |
| ۵۔ رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ○ (الانبیآء ع) | رحمت تمام جہانوں کے لئے |
| ۶۔ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ○ (الاحزاب ع۶) | گواہ اور خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے |
| ۷۔ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ○ (الاحزاب ع۶) | اور چمکتا ہوا چراغ |
| ۸۔ صَلُّوْا عَلَیْهِ | درود بھیجو اُن پر |
| وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○ (الاحزاب ع۷) | اور بھیجو بہت بہت سلام |

# سبق (۱۱)

## (حضرت) مُحَمَّدٌ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ) (۲)

| | |
|---|---|
| ۱۔ قُلْ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اِنِّیْ | تو کہہ اے لوگو بے شک میں |
| رَسُوْلُ اللّٰہِ اِلَیْکُمْ جَمِیْعًا (الاعراف ع ۲۰) | اللہ کا رسول ہوں تم سب کی طرف |
| ۲۔ کَآفَّۃً | واسطے سب لوگوں کے |
| لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا (سباع ۳) | خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا |
| ۳۔ وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا | اور نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر |
| رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ (الانبیاء ع) | رحمت بنا کر سارے جہانوں کے لئے |
| ۴۔ وَاِنَّکَ لَعَلٰی | اور بے شک آپ اخلاق (حسنہ) |
| خُلُقٍ عَظِیْمٍ (القلم ع) | کے اعلیٰ پیمانہ پر ہیں۔ |
| ۵۔ اِنَّکَ عَلٰی | بے شک تو |
| صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (الزخرف ع) | سیدھی راہ پر ہے |

# سبق (۱۲)

## (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) (۳)

| | |
|---|---|
| ۱۔ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ (الم نشرح) | اور بلند کیا ہم نے تیرے واسطے ذکر تیرا۔ |
| ۲۔ اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ (العنکبوت ع ۵) | پڑھ جو کچھ وحی کی جاتی ہے تیری طرف کتاب سے |
| ۳۔ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (المائدہ ع) | اور اللہ تجھ کو بچائے رکھے گا لوگوں سے۔ |
| ۴۔ وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ○ (الفتح ع ۱) | اور مدد کرے گا تیری اللہ زبردست مدد |
| ۵۔ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ (الحجر ع ۶) | سو سنا دے کھول کر جو کچھ کو حکم ہوا۔ |
| ۶۔ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ (قٓ ع ۳) | پس نصیحت کر ان کو قرآن سے۔ |

# سبق (۱۳)

## اَلْقُرْاٰنْ (۱)

| | |
|---|---|
| ۱۔ اَلرَّحْمٰنُ ۝ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ الرحمٰن ع | رحمٰن نے سکھلایا قرآن |
| ۲۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ البقرة ع | یہ الکتاب ہے۔ نہیں کوئی شبہ |
| ۳۔ اَلْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ الشعراء ع | واضح کتاب (روشن کتاب) |
| ۴۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ البقرة ع | ہدایت پرہیزگاروں کے لئے |
| ۵۔ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝ لقمٰن ع | ہدایت ہے اور رحمت نیکی کرنے والوں کیلئے |
| ۶۔ وَبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ع | اور خوشخبری مسلمانوں کے لئے |
| ۷۔ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ | شفا ہے اور رحمت |
| لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ بنی اسرائیل ع | ایمان والوں کے لئے |
| ۸۔ ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ ق ۴۲ | نصیحت سارے جہانوں کے لئے |

# سبق (۱۴)

## اَلقُراٰن (۲)

| | |
|---|---|
| ۱۔ وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ (القمر ع ۱) | اور تحقیق ہم نے آسان کر دیا قرآن نصیحت کیلیے |
| ۲۔ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ | اب پڑھو جتنا تم کو آسان ہو |
| مِنَ الْقُرْاٰنِ ط (المزمل ع ۲) | قرآن سے |
| ۳۔ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ | اور کھول کھول کر پڑھ قرآن کو |
| تَرْتِیْلًا ہ (المزمل ع ۱) | صاف صاف |
| ۴۔ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ | بے شک قرآن پڑھنا فجر کا |
| کَانَ مَشْهُوْدًا ہ (بنی اسرائیل ع ۹) | ہوتا ہے روبرو |

صبح کے وقت قرآن پڑھنا موجب حضور (ملائکہ) ہے

# سبق (۱۵)

## اَلْقُرْاٰنُ (۳)

| | |
|---|---|
| ۱۔ یٰاَیُّھَا النَّاسُ | اے لوگو |
| قَدْ جَآءَکُمْ بُرْھَانٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ | تمہارے پاس پہونچ چکی تمہارے رب کی طرف سے سند (کھلی دلیل) |
| وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ | اور اُتارا ہم نے تم پر |
| نُوْرًا مُّبِیْنًا ؃ | نور کھلا ہوا |
| فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰہِ | سو جو لوگ ایمان لائے اللہ پر |
| وَاعْتَصَمُوْا بِہٖ | اور اُس کو مضبوط پکڑا |
| فَسَیُدْخِلُھُمْ | تو اُن کو داخل کرے گا |
| فِیْ رَحْمَۃٍ مِّنْہُ وَفَضْلٍ | اپنی رحمت میں اور فضل میں |
| وَّیَھْدِیْھِمْ | اور پہونچا دے گا اُن کو |
| اِلَیْہِ صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا ؃ | اپنی طرف سیدھے راستہ پر |

(النسآء ع ۲۴)

# سبق (۱۶)

## صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ

| | |
|---|---|
| ۱۔ صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ (آل عمران ع ۵) | راہ سیدھی |
| ۲۔ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝ (النساء ع ۲) | اُس کی طرف سیدھی راہ |
| ۳۔ اَلدِّيْنُ الْقَيِّمُ (یوسف ع ۵) | راستہ سیدھا |
| ۴۔ مِلَّتَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ط (البقرۃ ع ۱۶) | راہ ابراہیم کی جو ایک ہی طرف تھا |
| ۵۔ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ | وہی تراش اللہ کی |
| فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ط (الروم ع ۴) | جس پر تراشا لوگوں کو |
| ۶۔ صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝ (سبا ع ۱) | راہ اس زبردست خوبیوں والے کی |
| ۷۔ دِيْنِ الْحَقِّ (الفتح ع ۴) | سچا دین |
| ۸۔ اَلْاِسْلَامُ قف (آل عمران ع ۲) | اسلام (کامل طور پر اللہ کے سپرد ہو جانا) |

# سبق (۱۷)

## اَلْاِسْلَامُ (۱)

| | |
|---|---|
| ۱۔ اَلْیَوْمَ | آج |
| اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ | میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کر دیا |
| وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ | اور تم پر پوری کر دی |
| نِعْمَتِیْ | اپنی نعمت |
| وَرَضِیْتُ | اور پسند کیا۔ |
| لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا ط (المائدہ ع ۱) | تمہارے لئے اسلام کو بطور دین کے |
| ۲۔ اِنَّ الدِّیْنَ | یقیناً دین |
| عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ قف (اٰل عمران ع ۲) | اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے |

# سبق (۱۸)

## اَلْاِسْلَامُ (۲)

| | |
|---|---|
| ۱۔ هُوَالَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ | وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول |
| بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ | سیدھی راہ پر اور سچے دین پر |
| لِیُظْهِرَهٗ | تاکہ اُوپر رکھے اُس کو |
| عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ ط (الفتح ع) | ہر دین سے |
| ۲۔ وَمَنْ یَّبْتَغِ | اور جو کوئی اختیار کرے |
| غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا | اسلام کے سوا کسی دین کو |
| فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْهُ ج (آل عمران ع ۹) | ہرگز وہ اس سے نہ قبول کیا جاویگا |
| ۳۔ اُدْخُلُوْا | داخل ہو۔ |
| فِی السِّلْمِ کَآفَّةً ص (البقرہ ع ۲۵) | اسلام میں پورے پورے |

# سبق (١٩)

## اَلْاِیْمَانُ (١)

| | |
|---|---|
| ١۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ | ایمان لائے پیغمبر |
| بِمَآ اُنْزِلَ | اس پر جو نازل ہوا ہے |
| اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط | اُن پر ان کے پروردگار کی طرف سے اور سب مومن (بھی) |
| كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ | یہ سب ایمان رکھتے ہیں اللہ پر |
| وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | اور اُس کے فرشتوں پر |
| وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف (البقرہ ع ۴۰) | اور اُس کی کتابوں پر اور اُس کے پیغمبروں پر |
| ٢۔ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ | اور ان کو آخرت پر |
| هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ (النمل ع ۱) | یقین ہے۔ |

# سبق (۲۰)

## اَلْاِیْمَانُ (۲)

| | |
|---|---|
| ١- یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا | اے ایمان والو |
| اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ | یقین لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر |
| وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ | اور اُس کتاب پر جو اُس نے |
| نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ | نازل کی ہے اپنے رسول پر |
| وَالْكِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ | اور اس کتاب پر جو نازل کی تھی پہلے |
| وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ | اور جو یقین نہ رکھے اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر |
| وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ | اور کتابوں پر اور رسولوں پر |
| وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ | اور قیامت کے دن پر |
| فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِیْدًا ۝ | وہ گمراہی میں بہت دور جا پڑا ۔١ |

(النساء ع۲۰)

# سبق (۲۱)

## اَلْمُؤْمِنُوْنَ (۱)

| | |
|---|---|
| ۱۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا | اور جو ایمان والے ہیں |
| اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ (البقرۃ ع) | وہ تو اللہ کی محبت سب سے قوی رکھتے ہیں |
| ۲۔ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ | نبی سے لگاؤ ہے ایمان والوں کو |
| مِنْ اَنْفُسِهِمْ (الاحزاب ع) | اپنی جان سے زیادہ |
| ۳۔ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ | ایمان والے وہی ہیں |
| اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ | کہ جب نام آئے اللہ کا تو ڈر جائیں ان کے دل |
| وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ | اور جب پڑھا جائے ان پر اس کا کلام |
| زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا | تو زیادہ ہو جاتا ہے ان کا ایمان |
| وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ | اور وہ اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں |
| اَلَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ | وہ لوگ جو کہ قائم رکھتے ہیں نماز کو |
| وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ؕ (الانفال ع) | اور جو کچھ ہم نے انھیں دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرتے رہتے ہیں۔ |

# سبق (۲۲)

## اَلْمُؤْمِنُوْنَ (۲)

| | |
|---|---|
| ۱۔ اِنَّ اللّٰہَ اشْتَرٰی | بے شک اللہ نے مول لی ہیں۔ |
| مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ | مومنین سے |
| اَنْفُسَہُمْ وَاَمْوَالَہُمْ | ان کی جانیں اور ان کے مال |
| بِاَنَّ لَہُمُ الْجَنَّۃَ (التوبہ ع۱۴) | بدلے میں اس کے کہ اُن کے لئے بہشت ہے |
| ۲۔ وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ | اور تم ہی بلند ہو یعنی غالب |
| اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ○ (آل عمران ع۱۴) | اگر ہو تم ایمان والے |
| ۳۔ وَاِنَّ اللّٰہَ | اور بے شک اللہ |
| لَہَادِی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا | البتہ راہ دکھانے والا ہے ایمان لانے والوں کو |
| اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○ (الحج ع۷) | طرف سیدھی راہ کے |